Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-II

وقت: 2:30 گھنٹے — حصہ اوّل — نمبر: 80

**2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+1+4+4

تجھے آبا سے اپنے ، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت ، وہ سیّارا
گنوا دی ہم نے ، جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریّا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

**(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+(3x3)

ایک نعمت بھی یہی ، ایک قیامت بھی یہی
روح کا جاگنا اور آنکھ کا ، بینا ہونا
جو برائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی
دوستو ! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا
قعرِ دریا میں بھی آنکلے گی ، سورج کی کرن
مجھ کو آتا نہیں محرومِ تمنّا ہونا

## حصہ دوم

**3. سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 15=1+1+10+3

(الف) سرسید کو اس وجہ سے کہ وہ مسلمانوں کی دنیوی ترقی کے لیے کوشش کرتے تھے، امرا سے ملتے تھے، حاکمانِ وقت سے میل جول رکھتے تھے اور دنیاداروں کی سی زندگی بسر کرتے تھے، کہا جا سکتا تھا کہ وہ دنیادار ہیں لیکن ان کی حالت پر نظر کرنے سے بہ مشکل ان کو عُرفی معنوں میں دنیادار کہہ سکتے تھے۔

(ب) اب اس کو میری سادہ لوحی کہیے یا خلوصِ نیت کہ شروع شروع میں میرا خیال تھا کہ انسان محبت کا بھوکا ہے اور جانور اس واسطے پالتا ہے کہ اپنے مالک کو پہچانے اور اس کا حکم بجالائے۔ گھوڑا اپنے سوار کا آسن اور ہاتھی اپنے مہاوت کا آنکس پہچانتا ہے۔ کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی دم ہلانے لگتا ہے جس سے مالک کو روحانی خوشی ہوتی ہے۔ سانپ بھی سپیرے سے مل جاتا ہے لیکن مرغیاں؟ میں نے آج تک کوئی مرغی ایسی نہیں دیکھی جو کسی اور کو پہچانے اور جس کو اپنے پرائے کی تمیز ہو۔

**4. درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔** 10=1+9

(i) چراغ کی لو (ii) اپنی مدد آپ

**5. ماہر القادری کی نظم "نعت" کا خلاصہ لکھیے۔** 05

**6. ایک سبزی فروش اور گاہک کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا کالج میں عید میلاد النبی ﷺ کے جلسے کی روداد تحریر کیجیے۔** 10

**7. چیئرمین بورڈ کے نام حصولِ سند کی درخواست تحریر کیجیے۔** 10

**8. درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔** 10=2+8

کرنل محمد خان کی کتاب "بجنگ آمد" کو پڑھنا شروع کیا تو ختم کر کے ہی دم لیا۔ میری نظر سے اتنی دلچسپ کتابیں کم گزری ہیں۔ میں اس کتاب کو اردو کی بہترین مزاحیہ تصنیفات میں سے سمجھتا ہوں۔ میرے خیال میں کرنل محمد خان اس وقت ہمارے بہترین مزاحیہ ادیب ہیں۔ مجھے مشتاق احمد یوسفی اور محمد خان سب سے زیادہ پسند ہیں۔